گیا ہے جس میں خلافت، ملوکیت کی طرف بڑھنے لگی۔ پھر ملوکیت کا دور دورہ ہوا جس میں ایک مختصر عرصے کے لئے عمر بن عبدالعزیزؒ کا دور آیا جس نے پھر سے خلافت راشدہ کی یاد تازہ کر دی۔

ان ادوار کا تذکرہ کرنے کے بعد مصنف نے عہد حاضر میں نظامِ خلافت کے قیام کے لئے راہِ عمل کی طرف نشاندہی کی ہے جو کہ اکثر و بیشتر ممتاز عالم دین ڈاکٹر اسرار احمد کے فکر کا نتیجہ ہے جس میں احادیث نبویہ کی روشنی میں یہ نوید جانفزا سنائی گئی ہے کہ ایک دفعہ پھر دنیا میں نظامِ خلافت علیٰ منہاج النبوۃ قائم ہو کر رہے گا۔ چنانچہ مصنف نے تلقین کی ہے کہ ہر مسلمان کو نظامِ خلافت کے قیام میں اپنی صلاحیت اور استعداد کے مطابق جدوجہد کرنا چاہئے، تاکہ وہ اپنے فرضِ منصبی سے عہدہ برآ ہو کر اللہ کے ہاں سرخرو ہو سکے۔

کتاب ٹھوس شواہد پر مبنی ہے جو مصنف کی بالغ نظری اور فکری استحکام کا پتہ دیتی ہے۔ خوشنما ٹائٹل اور دیدہ زیب کمپوزنگ کے ساتھ کتاب پڑھنے سے تعلق رکھتی ہے۔

(۲)

نام کتاب : مسائل عیدین

مصنف : پروفیسر ڈاکٹر فضل الٰہی

ضخامت : 100 صفحات

قیمت : 40 روپے

ملنے کا پتہ : مکتبہ قدوسیہ، اردو بازار، لاہور

عیدالفطر اور عیدالاضحیٰ دونوں مسلمانوں کے خوشی کے دن ہیں۔ ان دونوں ایام کو گزارنے کا پروگرام بھی شریعت اسلامیہ میں طے شدہ ہے۔ کھانے پینے اور اچھے کپڑے پہننے سے خوشی اور مسرت کا اظہار تو فطری بات ہے، اس کے علاوہ عید کے دن دو رکعت نماز بھی ہے، جس کے لئے سب لوگ شہر سے باہر اکٹھے ہوتے ہیں اور مل کر ایک امام کی اقتداء میں نماز ادا کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ سے برکت اور سلامتی کی دعا مانگتے ہیں۔